# آرکروما پاکستان لمیٹڈ

ARCHROMA
LIFE ENHANCED

# اعلان

ہم بمسرت مطلع کرتے ہیں کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس بروز بدھ 27 اپریل 2022 میں 31 مارچ 2022 کو ختم ہونے والی ششماہی کیلئے عبوری کیش ڈیویڈنڈ بشرح 250% (یعنی فی شیئر-/Rs.25) کی سفارش کی ہے۔

عبوری کیش ڈیویڈنڈ کے حصول کیلئے حقدار شیئر ہولڈرز کا تعین کرنے کی ضمن میں، شیئر ٹرانسفر بکس 11 مئی 2022 سے 13 مئی 2022 (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، F-8، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری بلاک 6، P.E.C.H.S شاہراہ فیصل، کراچی کی جانب سے 10 مئی 2022 تک موصول شدہ ٹرانسفرز برائے کیش ڈیویڈنڈ ٹرانسفریز کے حقدار کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

## الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی تعمیل میں پبلک لسٹڈ کمپنی کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو الیکٹرانک موڈ کے ذریعے نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف اہل شیئر ہولڈر کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کرے۔

لہٰذا، آرکروما پاکستان لمیٹڈ کے تمام شیئر ہولڈرز، جنہوں نے اپنے بینک کی تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں، ایک بار پھر اس پبلک نوٹس کے ذریعے درخواست کی جاتی ہے کہ حصص کی الیکٹرانک شکل کے لیے وہ اپنے بینک کے نام، برانچ کا پتہ، CNIC نمبر اور درست ای میل ایڈریس بشمول اپنا درست اور مکمل 24 ہندسوں والا IBAN سی ڈی سی کے متعلقہ شرکاء/ انویسٹرز اکاؤنٹ سروسز کو اپ ڈیٹ کریں، فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں ہمارے شیئرز رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہرہ فیصل کراچی کو اپ ڈیٹ کریں۔

براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ اگر شیئر ہولڈرز کی جانب سے ضروری معلومات فراہم نہیں کی جاتی ہیں تو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 243(3) کے تحت، لسٹڈ کمپنیز ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی حقدار ہیں۔

ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ http://www.archroma.com.pk پر دستیاب ہے۔

کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف اکاؤنٹ نمبر کی بنیاد پر عمل میں لائی جائے گی۔ آپ کی کمپنی آپ کی ہدایات کے مطابق اکاؤنٹ نمبر پر انحصار کرنے کی اہل ہے۔

کمپنی اپنے کنٹرول سے باہر کسی بھی نقصان، ڈیمیج، ذمہ داری کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگی جو براہ راست یا بالواسطہ کسی غلطی، تاخیر، یا اس کی کسی بھی ذمہ داری کی انجام دہی میں ناکامی کی وجہ سے ہو جو کہ ادائیگی کی غلط ہدایات اور/ یا اس سے بعد کسی بھی واقعے کی وجہ سے ہوئی ہو۔

تمام شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کیش ڈیویڈنڈ CCDR کے ذریعے فراہم کیا جائے گا، اس لیے وہ خود کو CDC کے ای-سروسز پورٹل پر رجسٹر کرائیں۔

https://eservices.cdcaccess.com.pk

## شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرانا (لازمی)

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کی تعمیل میں، وہ اراکین جنہوں نے تاحال اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبرز اور/ یا نیشنل ٹیکس نمبرز (NTN) فراہم نہیں کیے ہیں، (جیسا بھی معاملہ ہو) ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کارآمد CNIC اور/ یا NTN سرٹیفکیٹس کی کاپیاں جلد از جلد فراہم کریں:

- وہ شیئر ہولڈرز جو کمپنی کے شیئرز، فزیکل شکل میں رکھتے ہوں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا معلومات، کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو جمع کرائیں۔
- سنٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت اپنے شیئر ہولڈنگز کو برقرار رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ شرکت کنندہ/ CDC انویسٹرز اکاؤنٹ سروس کو جمع کرائیں۔

ایس ای سی پی کی ہدایات اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 243(2)(a) کے مطابق، کمپنی درست CNIC (انفرادی طور پر) اور نیشنل ٹیکس نمبر (بصورت کارپوریٹ ادارہ) کی عدم دستیابی کی صورت میں ڈیویڈنڈ کو روکنے کی پابند ہے۔

## فائلر اور نان فائلر کے لیے انکم ٹیکس کی کٹوتی

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے (اگر کوئی ہو)، یکم جولائی 2021 سے لاگو ہونے والے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرحیں حسب ذیل ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (a | ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں موجود شیئر ہولڈرز کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح | 15 فیصد |
| ب) | ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (اے ٹی ایل) میں موجود نہ ہونے والے شیئر ہولڈرز کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح | 30 فیصد |

کمپنی کو 30 فیصد کی شرح کی بجائے 15 فیصد کی شرح سے کیش ڈیویڈنڈ کی رقم میں ٹیکس کٹوتی کرنے کے قابل بنانے کے لیے، ایسے شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں، اس امر کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ فوری طور پر اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ATL میں درج ہو جائیں، بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر 15 فیصد کی شرح بجائے 30 فیصد کی شرح سے ٹیکس کٹوتی کی جائے گا۔

مزید براں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق، مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں، ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کے ساتھ ساتھ جوائنٹ ہولڈرز کے 'فائلر/ نان فائلر' اسٹیٹس پر ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر شیئر رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈنگ اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ کا تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر فراہم کریں:

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | مشترکہ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (حصص کی تعداد) |

مطلوبہ معلومات لازمی طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل کراچی کو جلد از جلد فراہم کی جائیں۔ بصورت دیگر، یہ تصور کیا جائے گا کہ حصص کی تعداد پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے پاس برابر ہے۔

جو ممبران انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ کے خواہاں ہیں یا کم شرح پر کٹوتی کے اہل ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایک کارآمد ٹیکس ایگزمپشن سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت پیش کریں (جیسا بھی معاملہ ہو)، غیر کٹوتی کے خواہشمند ممبران سے بھی درخواست ہے کہ وہ اختتام کار سے قبل ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا ایک کارآمد ڈکلریشن جمع کرائیں بصورت دیگر قابل اطلاق نرخوں کے مطابق کٹوتی کی جائے گی۔

ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ کے دعویٰ کیلئے، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق ایک کارآمد ٹیکس ایگزمپشن کا سرٹیفکیٹ ضروری ہے، جو ممبران ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ ایک کارآمد ٹیکس ایگزمپشن سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بک بند ہونے کی تاریخ سے قبل جمع کرائیں۔

## سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق کمیشن کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ سے چار سال سے زیادہ کی مدت کے اندر ایکٹ کا آغاز یعنی 30 مئی 2017 تک ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرنا لازمی ہے۔ مزید براں، ایس ای سی پی نے اپنے 26 مارچ 2021 کے لیٹر کے ذریعے ایکٹ کے سیکشن 72 کی تعمیل اور شیئر ہولڈرز کو اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ترغیب دینے کا مشورہ دیا ہے۔

مندرجہ بالا کے پیش نظر، فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھولیں یا براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں تا کہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں رکھیں، اس سے انہیں کئی طریقوں سے سہولت ملے گی، بشمول محفوظ تحویل اور جب بھی وہ چاہیں حصص کی فروخت،، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

تاریخ: 28 اپریل 2022

حسب الحکم بورڈ
ایم عرفان لاکھانی
کمپنی سیکرٹری

نوٹ:

فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈر سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ شیئر رجسٹرار کو صحیح طریقے سے پُر کرنے کے بعد مطلوبہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم جمع کرائیں۔

سنٹرل ڈپازٹری کمپنی میں حصص رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شریک/ انوسٹرز اکاؤنٹ سروسز کو صحیح طریقے سے پر کرنے کے بعد مطلوبہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم جمع کرائیں۔